A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**GROUP – I** — حصّہ اوّل (کُل نمبر: 20) — وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) الطاف حسین حالی نے شاملِ نصاب سبق ”روزمرہ اور محاورہ“ کے آخر میں کن دو شاعروں کا آپس میں موازنہ کیا ہے؟

الف۔ غالبؔ اور ذوقؔ — ب۔ غالبؔ اور میرؔ

ج۔ غالبؔ اور شیفتہؔ — د۔ غالبؔ اور مومنؔ

(ii) کھٹ کھڑ، کھڑڑ کھڑڑ کی آوازیں سائیکل کے کس حصے سے آ رہی تھیں؟

الف۔ مڈگارڈوں سے — ب۔ گدی سے

ج۔ زنجیروں سے — د۔ پیڈل سے

(iii) جابر بن حیان کے مطابق کیمیا میں سب سے ضروری شے کیا ہے؟

الف۔ آلات — ب۔ مرکبات

ج۔ تجربہ — د۔ کیمیائی تعاملات

(iv) نوجوان نے پان بیڑی سگریٹ والے سے کتنے روپے کا چینج مانگا؟

الف۔ پانچ سو روپے کا — ب۔ دس روپے کا

ج۔ ہزار روپے کا — د۔ سو روپے کا

(v) تینوں شاہین بچے سکول سے گھر واپسی پر دن چھپے تک ایک جال تان کر کیا کھیلتے رہتے ہیں؟

الف۔ کرکٹ — ب۔ بیڈمنٹن

ج۔ ہاکی — د۔ فٹ بال

(vi) نظیر اکبر آبادی کا سالِ وفات کیا ہے؟

الف۔ 1830ء — ب۔ 1831ء

ج۔ 1832ء — د۔ 1833ء

(vii) یہی مقصودِ فطرت ہے یہی رمزِ ------ مصرع مکمل کریں۔

الف۔ قدرت — ب۔ اسلام

ج۔ علمی — د۔ مسلمانی

(viii) نظم ایبسٹر یکٹ آرٹ کس طرح کی نظم ہے؟

الف۔ سنجیدہ — ب۔ طنزیہ مزاحیہ

ج۔ فلسفیانہ — د۔ عامیانہ

(ix) حفیظ جالندھری کے مطابق کیف آفریں ہوا میں کیا لپٹا ہوا ہوتا ہے؟

الف۔ رنگین خواب — ب۔ ذہنی سکون

ج۔ نیندیں — د۔ سُریلے گیت

(x) نظم بہارِ صبح ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ قطع بند — ب۔ مخمس ترکیب بند

ج۔ مسدس ترجیع بند — د۔ مسدس ترکیب بند

Result.pk

## یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں کو کس شاعر نے اپنا مہربان کہا ہے؟

الف۔ میر تقی میر — ب۔ مومن خان مومن

ج۔ داغ دہلوی — د۔ حیدر علی آتش

(xii) دکھ ، بے قدری ، احساسِ محرومی کس شاعر کے اہم موضوعات ہیں؟

الف۔ احمد ندیم قاسمی — ب۔ میر تقی میر

ج۔ حسرت موہانی — د۔ فیض احمد فیض

(xiii) شاملِ نصاب احمد ندیم قاسمی کی دوسری غزل کا مجموعی تاثر کیا ہے؟

الف۔ سیاسی — ب۔ اخلاقی

ج۔ سائنسی — د۔ رومانوی

(xiv) بے دلی ہمرہاں سے گھبرانے کی بات کس شاعر نے کی ہے؟

الف۔ حیدر علی آتش — ب۔ احمد ندیم قاسمی

ج۔ حسرت موہانی — د۔ مومن خان مومن

(xv) مومن خان مومن نے محبوب کے کوچے میں جان دینے کے لیے کس سے مدد مانگی ہے؟

الف۔ ہجومِ شوق سے — ب۔ ہجومِ عاشقاں سے

ج۔ ہجومِ رقیباں سے — د۔ غزالاں سے

(xvi) کس صنف کا ہر شعر ، مطلب یا موضوع کے لحاظ سے اپنی جگہ مکمل ہوتا ہے؟

الف۔ مثنوی — ب۔ غزل

ج۔ مرثیہ — د۔ قصیدہ

(xvii) رسید کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ پہنچانا — ب۔ دینا

ج۔ پہنچنا — د۔ نہ پہنچنا

(xviii) عدالت کی کارروائی اور مقدمے کی پیروی ________ کو بھی کہتے ہیں۔

الف۔ رسید — ب۔ ڈائری

ج۔ روزنامچہ — د۔ روداد

(xix) گردوپیش کون سا مرکب ہے؟

الف۔ مرکبِ عطفی — ب۔ مرکبِ اضافی

ج۔ مرکبِ توصیفی — د۔ مرکبِ جاری

(xx) رونا ہے اب ہنسی خوشی کا اس مصرع میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

الف۔ صنعتِ مبالغہ — ب۔ صنعتِ تکرار

ج۔ صنعتِ لف و نشر — د۔ صنعتِ تضاد

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: ☐



Result.pk

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## GROUP – I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) افسانہ 'زیور کا ڈبا' کے کردار ویراندر کا تعارف لکھیے۔

(ii) نوجوان کے اوورکوٹ کی جیب سے کون کون سی چیزیں برآمد ہوئیں؟

(iii) شاہین بچوں کے ڈریسنگ ٹیبل پر کیا کیا چیزیں سجی ہوئی نظر آتی ہیں؟

(یا)

حکیم محمد سعید نے ڈاکٹر حمید اللہ کے متعلق کیا بتایا ہے؟

(iv) نظم بڑھے چلو کا مرکزی خیال لکھیں۔

(v) مرزا محمود سرحدی نے وطن کے جوانوں کی تصویر کشی کن الفاظ میں کی ہے؟

(یا)

علامہ اقبال نے شاملِ نصاب نظم میں صحرانشینوں کے کیا اوصاف بیان کیے ہیں؟

(vi) 'بے آب تھے گُہر دریائے احمدی' سے میر انیس کی مراد کیا ہے؟

(vii) میر تقی میر نے شاملِ نصاب پہلی غزل کے مقطع میں خود کو کس سے تشبیہ دی ہے اور کیوں؟

(viii) ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بیکسی سے ہم اس شعر کی فنی خوبیاں لکھیں۔

(یا)

فیض احمد فیض کی غزل میں سرو و سمن اور خار و خس کے لُغوی اور مُرادی معنی کیا ہیں؟

(ix) احمد ندیم قاسمی کی غزل میں بھیانک تیرگی اور گجر بجنے سے کیا مراد ہے؟

(x) مقطع کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

(یا)

استعارہ کی تعریف لکھیں اور ایک شعری اور ایک نثری مثال دیں۔

(xi) تلمیح کی تعریف لکھیں نیز ایک شعری اور ایک نثری مثال لکھیں۔

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

مجھے جمہوری نظام اس لیے پسند ہے کہ یہ ہمیں شرکت و شمولیت کی کھلے بندوں دعوت دیتا ہے جبکہ غیر جمہوری نظام ہم سے روحانی، جذباتی اور فکری شمولیت کا حق چھین لیتا ہے اور ہمیں لاتعلقی اور عدم دل چسپی کے صحرا میں عضو معطل کی طرح پھینک دیتا ہے زندگی اور موت میں یہی فرق ہے کہ زندگی نام ہے شمولیت کا جبکہ موت نام ہے عدم شمولیت کا۔ حضرت آدمؑ و حواؑ کو جنت میں تمام آسائشیں میسر تھیں مگر وہ تخلیق کائنات کے عمل میں شمولیت کی خواہش رکھتے تھے۔ چنانچہ قدرت نے دریا بنائے تو انسان نے ان میں سے نہریں نکالیں۔ قدرت نے شب تاریک کو چاند ستاروں سے منور کیا تو انسان نے چراغوں سے بستیوں کو روشن کیا۔

Result.pk

# حصہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ تمام تجربوں سے ثابت ہُوا ہے کہ کسی ملک کی خوبی وعمدگی اور قدر ومنزلت بہ نسبت وہاں کی گورنمنٹ کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن، اخلاق وعادات، تہذیب وشائستگی پر منحصر ہے۔ کیوں کہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مردوں، عورتوں اور بچوں کی شخصی ترقی ہے جن سے وہ قوم بنی ہے۔ قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی پستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خود غرضی اور شخصی برائیوں کا۔

ب۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔ یہاں کا جماعہ دار میرے پاس بھی آیا۔ میں نے کہا بھائی! تو مجھے نقشے میں نہ رکھ، میرے کیفیت کی عبارت الگ لکھ۔ عبارت یہ کہ اسداللہ خاں پنشن دار ۱۸۵۰ء سے حکیم پٹیالے والے کے بھائی کی حویلی میں رہتا ہے، نہ کالوں کے وقت میں کہیں گیا۔ نہ گوروں کے زمانے میں نکلا اور نہ نکالا گیا۔ کرنیل برون صاحب بہادر کے زبانی حکم پر اس کی اقامت کا مدار ہے۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
پُھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے
اُس نُورِ اوّلیں کا اُجالا تُمھی تو ہو
سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تُمھی تو ہو
جلتے ہیں جبرئیل کے پَر جس مقام پر
اُس کی حقیقتوں کے شناسا تُمھی تو ہو

ب۔
کھیتوں میں کام کر کے لوٹے ہیں کام والے
چادر سروں پہ ڈالے، کندھوں پہ ہل سنبھالے
اب شام آگئی ہے جاگے ہیں بھاگ ان کے
ہر سمت گونجتے ہیں رستوں پہ راگ ان کے
لے لے کے ڈھور ڈنگر چرواہے آ رہے ہیں
سیٹی بجا رہے ہیں اور گیت گا رہے ہیں

Result.pk

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔ نہ گورِ سکندر، نہ ہے قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

ب۔ جو دم ہے وہ ہے بسا غنیمت
سارا سودا ہے جیتے جی کا

ج۔ ہر حال میں رہا جو ترا آسرا مجھے
مایوس کر سکا نہ ہجومِ بلا مجھے

د۔ تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

ہ۔ مر کر بھی نہ ہوں گے رائیگاں ہم
بن جائیں گے گردِ کارواں ہم

سوال نمبر۶۔ دو سہیلیوں کے درمیان بات بات پر قسم اُٹھانے کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر۷۔ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین کے نام درخواست لکھیں۔ (5)

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ______________

Sig. of Candidate: ________________

Sig. of Invigilator: ________________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**GROUP – II** | حصّہ اوّل (کُل نمبر: 20) | وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) فضول خرچ کو نفس کشی سے حاصل ہو سکتی ہے:

الف۔ خوش حالی     ب۔ ٹھاٹھ باٹھ

ج۔ بے چینی     د۔ کفایت شعاری

(ii) " سونے دو اِسے آرام کی ضرورت ہے۔" یہ جملہ اختر کے متعلق کس نے کہا تھا؟

الف۔ نرس نے     ب۔ اسٹنٹ ہاؤس سرجن نے

ج۔ منظور نے     د۔ کسی مریض نے

(iii) سبق " ایک کہانی بڑی پرانی " میں خاتون کے کتنے بیٹے تھے؟

الف۔ چار     ب۔ دو

ج۔ پانچ     د۔ تین

(iv) علامہ اقبال نے مولانا گرامی کے نام شاملِ نصاب خط میں اپنی کس چیز کے گھٹنے کا تذکرہ کیا ہے؟

الف۔ بینائی     ب۔ صحت

ج۔ مصروفیات     د۔ شاعری

(v) کس نے کہا تھا؟ " یوں تو مجھے دو بیماریاں ہیں۔۔ دمہ اور جلندھر لیکن تیسری بیماری لاعلاج ہے اور وہ ہے عمرِ طبعی۔"

الف۔ جان سٹورٹ مِل     ب۔ عبدالودود بیگ

ج۔ ڈاکٹر حمید اللہ     د۔ ڈاکٹر جانسن

(vi) شاعر نے ایبسٹریکٹ آرٹ کی نمائش کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ دیوانے کا خواب     ب۔ شاعر کا خواب

ج۔ بچے کا خواب     د۔ مصور کا خواب

(vii) علامہ اقبال نے کس علاقے کو شتربانوں کا گہوارہ کہا ہے؟

الف۔ صحرائے عرب     ب۔ صحرائے گوبی

ج۔ خطۂ فارس     د۔ سرزمین ایشیا

(viii) شاملِ نصاب 'حمد' کس نے لکھی ہے؟

الف۔ ظفر علی خاں     ب۔ ماہر القادری

ج۔ حفیظ تائب     د۔ الطاف حسین حالی

(ix) مِل گئی دونوں جہانوں کے خزانوں کی کلید    یہ مصرع کس نظم سے لیا گیا ہے؟

الف۔ بہارِ صبح     ب۔ شبِ معراج

ج۔ شامِ رنگین     د۔ بڑھے چلو

(x) میر انیس کا پورا نام کیا تھا؟

الف۔ میر ظفر علی انیس     ب۔ میر اکبر علی انیس

ج۔ میر بابر علی انیس     د۔ میر ببر علی انیس

Result.pk

## یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) لکھنؤ کے دبستانِ شاعری سے تعلق کس شاعر کا تھا؟

الف۔ حیدر علی آتش  ب۔ میر تقی میر
ج۔ مومن خاں مومن  د۔ حسرت موہانی

(xii) "جو دم ہے وہ ہے بسا غنیمت  سارا سودا ہے جیتے جی کا" یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

الف۔ میر تقی میر  ب۔ نواب مرزا داغ
ج۔ احمد ندیم قاسمی  د۔ فیض احمد فیض

(xiii) کس شاعر کے مطابق اب جنوں کی زنجیر پہ وہ پہلی سے اجارہ داری نہیں رہی؟

الف۔ علامہ اقبال  ب۔ میر انیس
ج۔ جوش ملیح آبادی  د۔ فیض احمد فیض

(xiv) شاعرِ رنگین نوا کی اصطلاح اپنے لیے کس شاعر نے استعمال کی ہے؟

الف۔ مومن خاں مومن  ب۔ حیدر علی آتش
ج۔ ابراہیم ذوق  د۔ حسرت موہانی

(xv) تمام تر ناتوانیوں کے باوجود کس شاعر نے خود کو "خارِ راہِ غیر" کہا ہے؟

الف۔ مومن خاں مومن  ب۔ میر تقی میر
ج۔ احمد ندیم قاسمی  د۔ فیض احمد فیض

(xvi) مخمس ایسی نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر بند میں مصرعے ہوں؟

الف۔ تین  ب۔ چار
ج۔ پانچ  د۔ چھ

(xvii) دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان کسی واقعہ یا موضوع پہ گفتگو کو کہتے ہیں:

الف۔ روداد  ب۔ مکالمہ
ج۔ روزنامچہ  د۔ رسید

(xviii) "نظر میں وہ گل سما گیا ہے  تمام ہستی پہ چھا گیا ہے" قواعد کی رُو سے کس کی مثال ہے؟

الف۔ استعارہ  ب۔ تشبیہ
ج۔ مقطع  د۔ مجازِ مرسل

(xix) ذاتی یاد داشتوں کو محفوظ کرنے کے لیے جو تحریر لکھی جاتی ہے۔اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ روداد  ب۔ ڈائری
ج۔ رسید  د۔ مکالمہ

(xx) "کیا کیا خضر نے سکندر سے  اب کسے رہنما کرے کوئی" قواعد کی رُو سے یہ شعر کس کی مثال ہے؟

الف۔ تشبیہ  ب۔ مطلع
ج۔ تلمیح  د۔ استعارہ

---

برائے ممتحن:  کُل نمبر: 20  حاصل کردہ نمبر: 

Result.pk

12

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## GROUP – II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) سرسید کے مطابق اصلی غلام کون ہے؟

(ii) علامہ اقبال نے شاملِ نصاب اپنے مکتوب میں اپنی مثنوی کے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(iii) بخشو میاں کا گھر والوں کے ساتھ رویہ کیسا تھا؟ نیز گھر میں وہ کس تنخواہ پر کام کرتے تھے؟

(یا)

دھاتوں کے متعلق جابر بن حیان کا نظریہ کیا تھا اور یہ نظریہ کب تک قائم رہا؟

(iv) ''عروقِ مردۂ مشرق میں خونِ زندگی دوڑا'' سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

(v) نظم ایبسٹر یکٹ آرٹ میں شاعر نے کتنے اور کون کون سے گناہوں کی سزا پائی؟

(یا)

نظم شامِ رنگین میں شاعر نے اہلِ دیہات کی کن سرگرمیوں کا تذکرہ کیا ہے؟

(vi) شاملِ نصاب 'حمد' میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟

(vii) ''تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا'' اس شعر کی شعری خوبیاں لکھیے۔

(viii) حسرت موہانی کے مطابق انھیں ہجوم بلا بھی مایوس کیوں نہ کر سکا؟

(یا)

فیض احمد فیض کے مطابق عشق کی بازی کی خُوبی کیا ہے؟

(ix) ''جن کو ہم سمجھا کیے ابرِ بہار وہ بگولے کتنے گلشن کھا گئے'' اس شعر میں ابرِ بہار اور بگولے سے کیا مراد ہے؟

(x) صنعت تضاد کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی دیں۔

(یا)

ردیف کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) مطلع کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی دیں۔

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

ٹیلی ویژن، ریڈیو اور سینما کی فلموں نے اخلاقی بے راہروی کو جنم دے رکھا ہے۔ نوخیز ذہن ان سے بُری طرح متاثر ہوتے ہیں اور ٹی وی ڈراما یا سینما میں کوئی فلم دیکھ کر ویسا ہی فیشن اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جرائم پر مبنی فلمیں نوجوانوں کو جرائم کی طرف راغب کرتی ہیں اور وہ ہیرو پرستی سے مغلوب ہو کر قتل و غارت، چوری ڈکیتی کی وارداتیں بھی کرتے ہیں۔ پاکستان میں کئی بار نوجوان لڑکوں کے گروہ پکڑے گئے ہیں جنھوں نے کسی فلم یا ڈرامے سے متاثر ہو کر جرم کا راستہ اختیار کیا ہوتا ہے۔ اگر ہم اپنی آنے والی نسلوں کو راہِ راست پہ لانے کے خواہش مند ہیں تو ہمیں الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کا قبلہ درست کرنا ہوگا۔

Result.pk

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر۳۔** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

**الف۔** پھر دونوں ایک دوسری کو گھور کے دیکھتیں۔ پھر دونوں غصّے سے رونے لگتیں اور کچھ دیر کے بعد دونوں اپنے گھر کے کاموں میں مصروف ہو جاتیں۔ جھگڑے کا آغاز عموماً بیگم راجا کی طرف سے ہوتا تھا۔ بیگم خواجہ کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ جیسے اس آغاز کے انتظار میں ہوتی تھیں۔ انھوں نے ایک بار بھی بیگم راجا کو نظر انداز نہ کیا۔ مگر ایک روز یہ عجیب واقعہ ہُوا کہ بیگم خواجہ آنکھوں میں خون اُتارے کھڑکی میں آئیں اور بولیں: '' اے بیگم صاحبہ! ذرا سامنے تو آ۔''

**ب۔** پھوہڑ! بدسلیقہ! بدتمیز! تُو کیوں اُڑی تھی؟ تجھ کو چمن کی ہوا کے بغیر کیا ہُوا جاتا تھا؟ کیا تُو بھی اس گوری عورت کی خصلت سیکھتی ہے جو گھر کا کام نوکروں پر چھوڑ کر ہواخوری کرتی پھرتی ہے۔ تُو ایک چڑیا ہے۔ تیرا کوئی حق نہیں ہے کہ بغیر میری مرضی کے باہر نکلے۔ تجھ کو میرے ساتھ اُڑنے اور ہواخوری کرنے کا حق ہے۔ آج کل تُو انڈوں کی محافظ تھی۔ تجھے یہاں سے ہٹنے کا اختیار نہ تھا۔ تُو نے میرے ایک انڈے کا نقصان کر کے اتنا بڑا قصور کیا ہے کہ اس کا بدل کچھ نہیں ہو سکتا۔

**سوال نمبر۴۔** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+1+5=7)**

**الف۔**
تمہاری تیغِ تیز پر وطن کو افتخار ہے
وطن کی مرگ و زیست کا تمھیں پہ انحصار ہے
تمھیں ہو جن کے دل میں اس کا عشق بے قرار ہے
لگائے دل میں اک لگن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو ، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو ، بڑھے چلو

**ب۔**
گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے
کہ منعم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا
غرض میں کیا کہوں تجھ سے کہ وہ صحرا نشیں کیا تھے
جہانگیر و جہاندار و جہاں بان و جہاں آرا
تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تُو گفتار، وہ کردار، تو ثابت، وہ سیارا

Result.pk

**سوال نمبر۵۔** کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: **(3+3+3=9)**

**الف۔**
ہم گونج ہیں سازِ ارتقاء کی
ہیں عصرِ جدید کی زباں ہم

**ب۔**
اِدھر تقاضے ہیں مصلحت کے اُدھر تقاضائے دردِ دل ہے
زباں سنبھالیں کہ دل سنبھالیں اسیر، ذکرِ وطن سے پہلے

**ج۔**
نہ ہمت نہ قسمت نہ دِل ہے نہ آنکھیں
نہ ڈھونڈا ، نہ پایا ، نہ سمجھا ، نہ دیکھا

**د۔**
سُن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

**ہ۔**
جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

**سوال نمبر۶۔** کالج میں ہونے والی یومِ قائدِ اعظم کی تقریب کی رُوداد لکھیں۔ **(5)**

**سوال نمبر۷۔** موٹر سائیکل کی فروختگی کی رسید لکھیں۔ **(5)**